| (iv) مثنوی معنوی | (d) سعدی |

(v)اخلاق جلالی (e)جلال الدین دوانی

سوال-۸ جشن نوروز کے بارے میں پانچ جملے لکھیے۔ 5

سوال-۹ مصدر ''آمدن'' سے فعل ماضی بعید کی گردان لکھیے۔ 5

سوال-۱۰ اپنی نصابی کتاب سے ایک شعر لکھیے۔ 5

سوال-۱۱ نظم ''حسن نیت'' کا خلاصہ لکھیے۔ 5

سوال-۱۲ مندرجہ ذیل عبارت کی خالی جگہوں کو قوسین میں دیے گئے الفاظ سے پر کیجیے۔ 5

مردم آزاری را..................کنند کہ سنگی بر سر............زد............

درویشی را مجال..................نبود............سنگ را..................می داشت

(حکایت، انتقام، نگاہ، صالحی)

سوال-۱۳ مندرجہ ذیل عبارت کا ترجمہ کیجیے۔ 10

چوپاہان گاہ گاہ بی سبب فریاد می کرد۔ گرگ آمد، گرگ آمد۔

مردمان برای نجات چوپان و گوسفندان بہ سوی او می دویدند۔

ولی چوپان خندید و مردم فہمیدند کہ دروغ گفتہ است۔

سوال-۱۴ مندرجہ ذیل رباعی کا ترجمہ کیجیے۔ 10

بیگانہ اگر وفا کند خویش من است

ور خویش جفا کند بد اندیش من است

گر زہر موافقت کند تریاق است

در نوش مخالفت کند نیش من است

سوال-۱۵ امیر خسرو کے حالات زندگی کو مختصرا لکھئے۔ 10

سوال-۱۶ مندرجہ ذیل جملوں کو فارسی میں ترجمہ کیجئے۔ 10

(i) خدا سب کا خالق ہے۔ (ii) کھانا سب صحت کے لیے ضروری ہے۔

(iii) پٹنہ ایک بڑا شہر ہے۔ (iv) فردوسی ایک بڑا شاعر ہے۔

(v) تاج محل بہت خوبصورت ہے۔

۱۷۔ درج ذیل عنوانات میں سے کسی ایک پر فارسی میں پیراگراف لکھیے۔ 10

(i) نماز (ii) موسم بہار

(iii) علم (iv) عید قربان

☆☆☆

## جوابات۔سیٹ-۱

| | | |
|---|---|---|
| (i) (ب) پتھر | (ii) (الف) شاہنامہ | (iii) (ب) پٹیالی |
| (iv) (الف) عیدنوروز | (v) (ب) شیراز | (vi) (الف) محمد حسین |
| (vii) (ج) ۱۸۷۸ء | (ix) (ب) بہار مشہدی | (x) (الف) بلخ |

جواب-۲ مردم آزار نے نیک آدمی کو پتھر بغیر کسی قصور کے مارا۔

جواب-۳ بادشاہ کے گھر مہمان نے کھانا اس لیے کم کھایا کیونکہ اس کا ارادہ کم کھانے کا تھا۔

جواب-۴ چرواہا بار بار چلاتا تھا کہ بھیڑیا آیا! بھیڑیا آیا۔

جواب-۵ یوروپین خواتین میں بیداری انیسویں صدی میں آئی۔

جواب-۶ جس نظم میں کسی کی تعریف یا ہجو بیان کی جاتی ہے اسے قصیدہ کہتے ہیں۔

جواب-۷

| (الف) | (ب) |
|---|---|
| (i) گلستان | (d) مولانا روم |
| (ii) قابوس نامہ | (c) امیر عنصر المعالی کیکاؤس |
| (iii) شاہنامہ | (d) فردوسی |
| (iv) مثنوی معنوی | (d) سعدی |
| (v) اخلاق جلالی | (e) جلال الدین دوّانی |

جواب-۶ جشن نوروز کا تہوار قدیم زمانے سے ایران میں منایا جاتا ہے۔ یہ تہوار سال کے آغاز میں منایا جاتا ہے۔
اس دن بادشاہ جمشید نے دیوؤں سے جنگ کی اور فتح حاصل کی۔ یہ جشن اب ایران کا قومی تہوار ہے۔

| | | | |
|---|---|---|---|
| جواب-۹ | صیغہ واحد غائب | صیغہ جمع غائب | صیغہ واحد حاضر |
| | آمدہ بود | آمدہ بودند | آمدہ بودی |
| | صیغہ جمع حاضر | صیغہ واحد متکلم | صیغہ جمع متکلم |
| | آمدہ بودید | آمدہ بودم | آمدہ بودیم |

جواب-۱۰ صبرو خرد بہ عشق نیامد بہ کار ما
مہرچہ داشتیم شد از اختیار ما

جواب-۱۱

نظم ''حسن نیت'' کو مرزا احمد تقی بہار نے شعری جامہ پہنایا ہے۔انہوں نے اس نظم کے ذریعہ یہ پیغام دیا ہے کہ انسان کو صد فیصد خوش بین ہونا چاہیے نہ کہ بد بین۔ جب انسان اچھا دیکھے گا تو اچھا سوچے گا۔ یہ دنیا بیوقوفوں کے لیے اندھیر نگری ہے۔عقلمند انسان کبھی شیطان کی طرح مغرور نہیں ہوتا ہے۔اس لیے انسان کو اچھی نیت رکھنی چاہیے تاکہ وہ حقیقت کو دیکھ سکے۔

جواب-۱۲ مردم آزاری را حکایت کنند کہ سنگی بر سر صالحی زد۔ درویش را مجال انتقام نبود۔ سنگ را نگاہ می داشت۔

جواب-۱۳ چرواہا کبھی کبھی بغیر کسی سبب کے چلاتا تھا کہ بھیڑیا آیا! بھیڑیا آیا! لوگ چرواہا اور اس کی بکریوں کو بچانے کے لیے اس کی طرف دوڑے۔لیکن چرواہا ہنس رہا تھا اور لوگ سمجھ گئے کہ چرواہا جھوٹ بول رہا ہے۔

جواب-۱۴

اجنبی اگر وفا کرتا ہے تو وہ میرا اپنا ہے
اپنا اگر ظلم کرتا ہے تو وہ میرا برا سوچنے والا ہے
اگر زہر فائدہ کرے تو گویا یہ تریاق ہے
اگر امرت پینے سے نقصان دے تو یہ میرے لیے زہر ہے

جواب-۱۵ امیر خسرو کا شمار فارسی کے بڑے شاعروں میں ہوتا ہے۔وہ ۶۵۱ ہجری میں پٹیالی میں پیدا ہوئے۔خسرو کا تعلق ترک کے لاچین قبیلہ سے تھا۔ان کے والد امیر سیف الدین اس قبیلہ کے سردار تھے۔وہ سلطان التمش کے زمانے میں ہندوستان آئے اور دلی

میں سکونت اختیار کرلی۔امیر سیف الدین کی رسائی شاہی دربار میں ہوئی اور پٹیالی کا قصبہ ان کو جاگیر میں ملی۔امیر خسرو اسی قصبہ میں پیدا ہوئے۔ان کی عمر سات سال کی تھی تو ان کے والد کا انتقال ہوگیا۔امیر خسرو نے اپنی تعلیم کو جاری رکھا اور بیس سال کی عمر میں درسی علوم سے فراغت حاصل کرلی۔شروع جوانی سے ہی فارسی میں شعر کہنے شروع کردیے۔فارسی ادب میں بیش بہا آثار چھوڑے ہیں۔ امیر خسرو نے شیخ نظام الدین اولیاء کے ہاتھ پر بیعت کی اور تا عمر ان کی ارادت میں رہے۔

جواب-۱۶

(i) خدا خالق ہم است (ii) خوردن برای صحت لازم است

(iii) پاتنا شہر بزرگ است (iv) فردوسی شاعر بزرگ است

(v) تاج محل خیلی قشنگ است

جواب-۱۷ (i) نماز:

نماز یکی از ستونہای دین اسلام است۔رسول اکرمؐ را نماز پنج گانہ از سوی خدا در سفر معراج عطاء کردہ شد۔بنابراین نماز معراج برای مسلمانان است۔بہترین عبادت نزد خدا نماز است۔محبوب ترین عبادت رسول صلعم نماز بودہ است۔این فریضہ بر ہر مسلمان لازم است کہ نماز پنجگانہ را ادا بکند۔نماز پنج گانہ بہ نام فجر،ظہر،عصر،مغرب وعشاء یاد کردہ می شود۔روز قیامت اولین پرسش خدا برای نماز خواہد بود۔نماز کلید جنت است و وسیلہ ای خلاصی از آتش جہنم است۔نماز پنج گانہ را در مسجد ادا کردن افضل است۔

☆☆☆

# MODEL Questions with answers

## For Matriculation Examinations- 2017

## Subject : Persian

Time: 3 hours 15 Minutes    Persian (SIL) Set-II    Fullmarks: 100

## سوالات

سوال-۱ درج ذیل معروضی سوالوں کے صحیح جواب چن کر لکھئے۔ 10x1=10

(i) خیمہ کے مالک کی بیوی کس کو ذبح کرنے سے روک رہی تھی؟

(الف) خصی (ب) مرغی (ج) بھیڑ (د) ان میں سے کوئی نہیں

(ii) ان میں سے فعل حال کا پہلا صیغہ کیا ہے؟

(الف) رفتہ بود (ب) می رفت (ج) می رود (د) خواہد رفت

(iii) حکایت "طراری امانت دار" کس کتاب سے ماخوذ ہے؟

(الف) گلستان (ب) قابوس نامہ (ج) بوستان (د) کلیلہ ودمنہ

(iv) امیر خسرو کا سال وفات کیا ہے؟

(الف) ۷۲۵ھ (ب) ۸۲۵ھ (ج) ۹۲۵ھ (د) ۹۵۰ھ

(v) فردوسی کہاں پیدا ہوئے؟

(الف) تہران (ب) دلی (ج) طوس (د) پٹنہ

(vi) شہریار کہاں پیدا ہوئے؟

(الف) تبریز (ب) تہران (ج) طوس (د) قم

(vii) نصر پھلواروی کا مقبرہ کہاں ہے؟

(الف) پھلواری شریف (ب) بہار شریف (ج) حاجی پور (د) مظفر پور

(viii) بہار مشہدی کا نام کیا تھا؟

(الف) مرزا صفی (ب) میرزا وصی (ج) میرزا محمد تقی (د) میرزا محمد نقی

(ix) ڈاکٹر محمد اقبال کی قبر کہاں ہے؟

(الف) دلی (ب) سیالکوٹ (ج) لاہور (د) آگرہ

(x) مثنوی معنوی کس کی تصنیف ہے؟

(الف) مولانا روم (ب) سعدی (ج) حافظ (د) عمر خیام

سوال-۲ رباعی کا لغوی معنی کیا ہوتا ہے۔ 2

سوال-۳ سرمد کی شہادت کس بادشاہ کے زمانے میں ہوئی۔ 2

سوال-۴ نعت کن کے شان میں کہی جان ہے۔ 2

سوال-۵ شاہ جہاں آباد اب کس نام سے مشہور ہے 2

سوال-٦ زاہد اپنے گھر آ کر دستر خوان کیوں طلب کیا۔ 2

سوال-۷ خانہ "الف" اور خانہ "ب" کو ملا کر لکھیے۔ 5

| (الف) | (ب) |
|---|---|
| (i) نالۂ بلبل | (a) خان آرزو |
| (ii) حسن نیت | (b) مولانا روم |
| (iii) شبان و موسیٰ | (c) سعدی |
| (iv) زاہدی جہان پادشاہی | (d) بہار مشہدی |
| (v) مجمع النفائس | (e) شہریار |

سوال-۸ زن در ہند پر پانچ جملے لکھیے۔ 5

سوال-۹ مصدر "کردن" سے فعل ماضی استمراری کی گردان لکھیے۔ 5

سوال-۱۰ فردوسی کے بارے میں پانچ جملے لکھیے۔ 5

سوال-۱۱ اپنی نصابی کتاب سے کسی ایک شعر کو لکھیے۔ 10

سوال-۱۲ مندرجہ ذیل عبارت کی خالی جگہوں کو قوسین میں دیے گئے الفاظ سے پر کیجئے۔ 5

فردوسی یکی از شاعران بزرگ............است کہ در حدود............

سال پیش می زیستہ است۔ فردوسی در............نزدیک

(بہ دنیا آمد۔ آرام گاہش نیز............است۔

(طوس، ہزار، طوس، مشہد، ایران)

سوال-۱۳ مندرجہ ذیل عبارت کا ترجمہ کیجئے۔ 10

جشن نوروز از زمانہای بسیار قدیم در ایران برپا می شدہ است و در بارۂ آن داستانہا گفتہ اند۔

این جشن را نوروز می نامند۔ زیرا سال با آن آغاز می شود۔

سوال-۱۴ فردوسی پر ایک نوٹ لکھیے۔ 10

سوال-۱۵ مندرجہ ذیل رباعی کا ترجمہ کیجئے۔ 10

ای دوست غم این جہاں بیہود، مخور
بیہودہ غم جہان فرسودہ مخور
چون بود گذشت ونیست نابودہ پدید
خوش باش وغم جہان نابودہ مخور

سوال-۱۶ مندرجہ ذیل جملوں کا ترجمہ فارسی میں کیجئے۔

(i) نماز پڑھنا مسلمان پر فرض ہے۔ (ii) قرآن پاک اللہ کا کلام است۔

(iii) احسن کلکتہ جائے گا۔ (iv) تمہارا نام کیا ہے؟

(v) تم کس اسکول میں پڑھتے ہو۔

سوال-۱۷ مندرجہ ذیل عنوانات میں کسی ایک پر پیراگراف لکھیے۔ 10

(i) ورزش (ii) موسم تابستان

(iii) عید نوروز (iv) شہر پاتنا

## جوابات۔سیٹ-۲

| | | |
|---|---|---|
| (i) (الف)خصی | (ii) (ج)می رود | (iii) (ب) قابوس نامہ |
| (iv) (الف)۲۸۵ھ | (v) (ج)طوس | (vi) (الف)تبریز |
| (vii) (الف)نصر پھلواری شریف | (viii) (ج)میرزا محمد تقی | (ix) (ج) لاہور |
| (x) (الف) دلی | | |

جواب-۲ رباعی کے لغوی معنی چار کے ہوتے ہیں۔

جواب-۳ سرمد کی شہادت بادشاہ اورنگ زیب کے زمانے میں ہوئی۔

جواب-۴ نعت وہ نظم ہے جسے رسول صلعم کی شان میں کہی جاتی ہے۔

جواب-۵ شاہ جہاں آباد شہر کا نام اب دلی ہے۔

جواب-۶ زاہد نے دسترخوان کھانا کھانے کے لیے طلب کیا کیونکہ وہ بادشاہ کے یہاں کم کھانا کھایا تھا۔

جواب-۷

| خانہ (الف) | خانہ (ب) |
|---|---|
| (i) نالۂ بلبل | (e) شہریار |
| (ii) حسن نیت | (d) بہار مشہدی |
| (iii) شبان وموسی | (b) مولانا روم |
| (iv) زاہدی جہان پادشاہی | (c) سعید |
| (v) مجمع النفائس | (a) خان آرزو |

جواب-۸ زن در ہند کے عنوان سے سبق ہمارے نصاب میں شامل ہے۔اس مضمون میں ہندوستانی خواتین کے بارے میں اطلاعات دی گئی ہے۔ہندوستانی خواتین میں بیداری بیسویں صدی میں آئی۔ان لوگوں نے اپنا انجمن قائم کیا اور ظلم کے خلاف آواز اٹھائیں۔ وجے لکشمی پنڈت،سروجنی نائیڈو،اندرا گاندھی وغیرہ قابل ذکر ہندوستانی خواتین ہیں۔

جوا-۹

| | | |
|---|---|---|
| صیغہ واحد غائب | صیغہ جمع غائب | صیغہ واحد حاضر |
| می کرد | می کردند | می کردی |
| صیغہ جمع حاضر | صیغہ واحد متکلم | صیغہ جمع متکلم |
| می کردید | می کردم | می کردیم |

جواب-۱۰ فردوسی ایران کا قومی شاعر ہے۔ان کی پیدائش ہزار سال پہلے ہوئی۔ان کی ولادت شہر طوس میں ہوئی۔فردوسی وطن پرست شاعر تھا۔انہوں نے ایران کی قدیم تاریخ کو منظوم کیا اور اس منظوم کو "شاہنامہ" نام دیا۔شاہنامہ فارسی ادب کا ایک شاہکار تصنیف شمار ہوتا ہے۔فردوسی کا مقبرہ طوس میں ہے۔

جواب-۱۱ مرحبا سیدی مکی مدنی العربی
دل وجان باد فدایت چہ عجب خوش لقبی

جواب-۱۲ فردوسی یکی از شاعران بزرگ ایران است کہ در حدود ہزار سال پیش می زیستہ است۔فردوسی در طوس نزدیک مشہد بہ دنیا آمد۔آرام گاہش نیز در طوس است۔

جواب-۱۳ نوروز کا تہوار ایران میں قدیم زمانے سے منایا جاتا ہے اور اس کے بارے میں داستان کہے گئے ہیں۔
اس تہوار کو نوروز کہتے ہیں۔کیونکہ سال اس سے شروع ہوتا ہے۔

جواب-۱۴ فردوسی ایران کا ایک عظیم شاعر ہے۔ان کی ولادت طوس کے باژ گاؤں میں ہوئی اور ان کا پیشہ کھیتی باڑی کا تھا۔فردوسی فطرتی طور پر شاعر تھا اور چاہتا تھا کہ اپنے ملک کی قدیم تاریخ کو منظوم کیا جائے۔لہٰذا اس نے شاہنامہ نظم کیا۔انہوں نے یہ شاہکار تصنیف تیس سال میں مکمل کیا۔فردوسی کو روپے کی ضرورت تھی۔لہٰذا اس نے اپنی اس منظوم تاریخ کو محمود غزنوی بادشاہ وقت کی خدمت میں پیش کیا۔ محمود غزنوی ان کی اس مثنوی کو دیکھ کر بہت خوش ہوا اور وعدہ کیا کہ اس کے ہر شعر کے بدلے ایک سونے کا سکہ انعام میں دیا جائے گا۔

لیکن دربار کے حاسدوں کو یہ پسند نہ تھا۔ لہٰذا اس نے بادشاہ کو فردوسی سے متنفر کردیا۔ بادشاہ نے سونے کے سکے کے بدلے چاندی کے سکے دیے۔ فردوسی انعام لینے سے انکار کردیا۔ اور محمود غزنوی کی ہجو لکھ ڈالی اور روپوش ہوگیا۔

جواب-۱۵ اے دوست دنیا کی فکر مت کرو کیونکہ یہ بےکار چیز ہے۔ یہ جہاں بیکار کی بات ہے۔
جو چیز گزر چکی ہے وہ دوبارہ نہیں آئیگی اس لیے تم خوش رہو اور دنیا کے اس غم کو جو رہنے والی نہیں ہے۔ مت کرو۔

جواب-۱۶ (i) نماز کردن ہر مسلمان فرض است۔
(ii) قرآن پاک کلام خدا است۔
(iii) احسن فردا کلکتہ خواہد رفت
(iv) نام شما چیست
(v) شما در کدام دبستان درس می خوانید

جواب-۱۷ (ii) شہر پاتنا:

شہر پاتنا یکی از شہر ہای ایالت بہار است۔ پائیتخت ایالت بہار در شہر پاتنا است۔ شہر پاتنا در کنار رود گنگ واقع است۔
این شہر یکی از شہر ہای تاریخ ہند بشمار می رود۔ از زمان قدیم این شہر پائے تخت شاہان گونا گون بودہ است۔ ایں شہر از نام پاتلی پترا، عظیم آباد یاد کردہ می شود۔ آثار قدیم شاہان درین شہر یا واقع می شود۔ شہر پاتنا خیلی زیاد است۔ این شہر در دو قسمت متمایز منقسم است۔ پاتنای کہنہ و جدید۔ در پاتنا لیتی آثار تاریخی یافتہ می شود و در پاتنای جدید ادارہ و مراکز گونا گوں دولتی یافتہ می شود۔

☆☆☆

# MODEL Questions with answers

## For Matriculation Examinations- 2017

## Subject : Persian

Time: 3 hours 15 Minutes Persian (SIL) Set-III Fullmarks: 100

### سوالات

سوال-۱ درج ذیل معروضی سوالوں کے صحیح جواب چن کر لکھیے۔ 10x1=10

(i) قابوسنامہ کے مصنف کون ہیں؟

(الف)عنصر المعالی کیکاؤس (ب)سعدی (ج)شیر الدولہ (د)حافظ

(ii) جمشید کون تھا؟

(الف)غلام (ب)تاجر (ج)بادشاہ (د)حکیم

(iii) شاہنامہ کو کس نے نظم کی؟

(الف)فردوسی (ب)عنصری (ج)انوری (د)عسجدی

(iv) امیر خسرو کہاں پیدا ہوئے؟

(الف)دہلی (ب)پٹیالی (ج)بنارس (د)الہ آباد

(v) آرزو کا پورا نام کیا ہے؟

(الف)سراج الدین علی خان (ب)حمید اللہ خان (ج)عبید اللہ خان (د)ساجد اللہ خان

(vi) نظم "اگر خواہی حیات اندر خطر زی" کن کی نظم ہے؟

(الف)بہار مشہدی (ب)علامہ اقبال (ج)امیر خسرو (د)مرزا غالب

(vii) بہار مشہدی کس صدی کے شاعر ہیں؟

(الف)بیسویں (ب)اٹھارویں (ج)سترہویں (د)سولہویں

(viii) عمر خیام کی شہرت کس فن میں ہے؟

(الف)غزل گوئی (ب)قصیدہ سرائی (ج)رباعی گوئی (د)مثنوی سرائی

(ix) نصر پھلواری کہاں پیدا ہوئے؟

(الف)پھلواری شریف (ب)اجمیر شریف (ج)بہار شریف (د)منیر شریف

(x) مولانا روم کی شہرت کس صنف میں ہے؟

(الف) رباعی (ب) مثنوی (ج) قصیدہ (د) مرثیہ

سوال-۲ صالح آدمی نے اس پتھر کا جواب دیا۔ 2

سوال-۳ طرار نے کیوں بے ایمانی نہیں کی؟ 2

سوال-۴ دھقان فدا کار نے انعام لینے سے کیوں انکار کیا۔ 2

سوال-۵ تذکرہ نگاری کا آغاز کس نے کیا۔ 2

سوال-۶ شاہنامہ میں درج دو انسانوں کے نام لکھیے۔ 2

سوال-۷ خانہ ''الف'' اور خانہ ''ب'' کو ملا کر لکھیے۔ 5

| (الف) | | (ب) | |
|---|---|---|---|
| (i) | حسن نیت | (a) | مولانا روم |
| (ii) | اگر خواہی حیات اندر خطر زی | (b) | بہار مشہدی |
| (iii) | طراری امانت دار | (c) | شہریار |
| (iv) | نالہ بلبل | (d) | علامہ اقبال |
| (v) | حکایت شبان و موسی | (e) | عنصر المعالی کیکاؤس |

سوال-۸ مردم آزاری کی کہانی کو لکھیے۔ 10

سوال-۹ مصدر ''رفتن'' سے فعل مستقبل کی گردان لکھیے۔ 5

سوال-۱۰ مندرجہ ذیل کے معانی لکھیے۔ 5

سفرہ گرمابہ نخستین ازدواج میہن

سوال-۱۱ مندرجہ ذیل اشعار کا ترجمہ کیجئے۔ 10

حمد بی حد مر خدای پاک را
آن کہ ایمان داد مشت خاک را
اوست سلطان ہرچہ خواہد کند
عالمی را دردمی ویران کند

سوال-۱۲ فردوسی پر پانچ جملے لکھیے۔ 5

سوال-۱۳ مندرجہ ذیل عبارت کی خالی جگہوں کو قوسین میں دیے گئے الفاظ سے پر کیجئے۔ 5

چوپانی گاہ گاہ.......... فریادمی کرد۔گرگ..........گرگ..........

مردمان برای نجات..........و..........بہ سوی اومی دویدند

(چوپان، گوسفندان، بی سبب، آمد، آمد)

سوال-۱۴ اپنی نصابی کتاب سے کسی ایک شعر کو لکھئے۔ 5

سوال-۱۵ مثنوی ''شبان وموسیٰ'' کا خلاصہ لکھئے۔ 10

سوال-۱۶ مندرجہ ذیل جملوں کا ترجمہ فارسی میں کیجئے۔ 10

(i) احمد بازار گیا تھا؟
(ii) فارسی میٹھی زبان ہے؟
(iii) ارشد کل اسکول نہیں آیا تھا؟
(iv) ندی کے کنارے درخت ہے؟
(v) احمد کے والد کل دہلی جائیں گے؟

سوال-۱۷ مندرجہ ذیل عنوانات میں کسی ایک فارسی میں پیراگراف لکھیے۔ 10

(i) تاج محل
(ii) طربان فارسی
(iii) دوستی
(iv) ماہ رمضان

# جوابات۔سیٹ-۳

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| (i) | (الف) | عنصر المعالی کیکاؤس | (ii) | (ج) | بادشاہ |
| (iii) | (الف) | فردوسی | (iv) | (ب) | پٹیالی |
| (v) | (الف) | سراج الدین علی خان | (vi) | (ب) | علامہ اقبال |
| (vii) | (الف) | بیسویں صدی | (viii) | (ج) | رباعی گوئی |
| (ix) | (الف) | پھلواری شریف | (x) | (ب) | مثنوی |

جواب-۲ صالح آدمی نے اس پتھر کا جواب یہ دیا کہ وہ ظالم آدمی قید میں تھا تو صالح نے آدمی نے اسی پتھر سے اس کے سر پر مارا۔

جواب-۳ طرار نے بے ایمانی اس لیے نہیں کی کیونکہ اسے امانت دار بنایا گیا تھا اس لیے وہ خیانت نہیں کر سکا۔

جواب-۴ دھقان فدا کار انعام لینے سے اس لیے انکار کیا کیونکہ یہ کام اس نے خدا کو راضی کرنے کے لیے کیا تھا۔

جواب-۵ تذکرہ نگاری کی روایت کو عوفی نے شروع کیا۔

جواب-۶ شاہنامہ کے دو مشہور داستانیں یہ ہیں رستم وسہراب اور بیون ومنیوہ

جواب-۷

| | خانہ(الف) | | خانہ(ب) |
|---|---|---|---|
| (i) | حسن نیت | (b) | بہار مشہدی |
| (ii) | اگر خواہی حیات اندر خطر زی | (d) | علامہ اقبال |
| (iii) | طراری امانت دار | (e) | عنصر المعالی کیکاؤس |
| (iv) | نالہ بلبل | (c) | شہریار |
| (v) | حکایت شبان وموسی | (a) | مولانا روم |

جواب-۸ حکایت مردم آزاری سعدی کی کتاب گلستان سے ماخوذ ہے۔ایک ظالم شخص نے بلاوجہ ایک نیک شخص کے سر پر پتھر مارا۔اس درویش کی اس وقت یہ مجال نہ تھی کہ اس سے بدلہ لے۔لہٰذا اس نے اس پتھر کو حفاظت سے رکھ لیا۔بادشاہ وقت کو ایک بار اس پر ایسا غصہ آیا کہ بادشاہ نے اس ظالم شخص کو کنواں قید کر دیا۔اس وقت وہ فقیر آیا اور اس کے سر پر پتھر مار کر اپنا بدلہ لیا۔ظالم شخص نے پوچھا کہ تم کون ہو اور یہ پتھر مجھے کیوں مارا۔اس نیک مرد نے کہا کہ میں وہی فلاں شخص ہوں اور وہ یہ وہی پتھر ہے جسے تم نے فلاں تاریخ کو میرے سر پر مارا تھا۔پھر ظالم نے پوچھا کہ اتنے دن تم کہاں تھے نیک آدمی نے جواب دیا کہ میں تمہارے مرتبے سے ڈرتا تھا۔لیکن اب میں نے تجھے کنواں میں قید دیکھا تو موقع غنیمت سمجھا اور یہ پتھر تمہارے سر پر مارا۔

جواب-۹

| | | |
|---|---|---|
| صیغہ واحد غائب | صیغہ جمع غائب | صیغہ واحد حاضر |
| خواہد رفت | خواہند رفت | خواہی رفت |
| صیغہ جمع حاضر | صیغہ واحد متکلم | صیغہ جمع متکلم |
| خواہید رفت | خواہم رفت | خواہیم رفت |

جواب-۱۰

| الفاظ | معانی |
|---|---|
| سفرہ | دسترخوان |
| گرمابہ | غسل خانہ |
| نخستین | پہلا |
| ازدواج | شادی |
| میہن | وطن |

جواب-۱۱ صرف تعریف ہی تعریف خدائے پاک کا جس نے انسان کو ایمان کی دولت سے نوازا۔
وہ ایسا بادشاہ ہے جو چاہتا ہے وہ کرتا ہے۔دنیا کو ایک لمحہ میں ویران کرتا ہے۔

جواب-۱۲ فردوسی ایک عظیم شاعر ہے۔ اس کی پیدائش طوس میں ہوئی۔ فردوسی ایک وطن پرست شاعر تھا۔
اس نے فارسی کی شاہکار تصنیف ''شاہنامہ'' کو نظم کیا۔ اس کا مزار طوس میں واقع ہے۔

جواب-۱۳ چوپانی گاہ گاہ بی‌سبب فریادی کرد۔گرگ آمد۔
گرگ آمد مردی برای نجات چوپان و گوسفندان بہ سوی اومی دویدند۔

جواب-۱۴ بزلف او اگر دل بستہ باشی
زبند دو جہان وارستہ باشی

جواب-۱۵ **مثنوی:**

مثنوی ''شبان وموسیٰ'' مثنوی معنوی سے ماخوذ ہے۔ مشہور شاعر مولانا جلال الدین رومی نے اس میں ایک چرواہا اور موسیٰ علیہ السلام کی گفتگو کو ڈرامائی انداز میں پیش کیا ہے۔ موسیٰ علیہ السلام نے ایک چرواہا کو دیکھا کہ خدا کی تعریف کررہا تھا۔ چرواہا اپنی سادگی میں خدا تعالیٰ سے مخاطب ہوکر کہہ رہا تھا کہ تم کہاں ہے تاکہ میں تیرا نوکر بنوں۔ تیرے کپڑے کو سیوں اور تیرے بال میں کنگھی کروں۔ مزید یہ کہ تمہاری بیماری میں تیرا غمخوار بنوں اور تیرے گھر کا سامان لاؤں۔ یعنی چرواہا ایک نوکر کی طرح خدا تعالیٰ کی خدمت کرنا چاہتا تھا۔ لیکن موسیٰ علیہ السلام کو یہ انداز گفتگو پسند نہیں آئی اور اس کی گستاخی وشوخی پر خبردار کیا اور کہا کہ اللہ تعالیٰ تمہاری ان باتوں سے خوش ہونے کے بجائے ناخوش ہوگا۔ بیچارہ چرواہا یہ سن کر ڈر گیا اور اپنے کپڑے پھاڑ کر جنگل کی طرف چل دیا۔ اس وقت موسیٰ کو وحی آئی اور اللہ نے کہا کہ تم نے میرے ایک معصوم بندہ کو مجھ سے جدا کردیا۔ جب کہ تم ایک دوسرے کو ملانے کے لیے بھیجے گئے ہو نہ کہ جدا کرنے کے لیے۔ میں اپنے بندے کے باطن کو دیکھتا ہوں نہ کہ ظاہر کو۔ اس سے یہ تعلیم ملتی ہے کہ کسی کو نصیحت اس طرح کی جائے کہ اس کو برا نہ لگے کیونکہ اللہ تعالیٰ نے ہر انسان کی فطرت کو الگ الگ بنایا ہے۔

جواب-۱۶ (i) احمد بازار رفتہ بود۔
(ii) فارسی زبان شیریں است
(iii) ارشد، دہروز دبستان نیامدہ بود۔
(iv) کنار رود درخت است۔
(v) پدر احمد فردا دہلی خواہد رفت۔

جواب-۱۷ (ii) **زبان فارسی:**

زبان فارسی یکی از شیرین ترین زبانہائی جہان است۔ زبان فارسی از زمان قدیم رواج دارد۔ این زبان از خانوادۂ ہندواروپا تعلق دارد۔ ایرانیاں درین زبان حرف می زند۔ این زبان زبان رسمی کشور ایران است۔ وقتی بود کہ این زبان ہم زبان رسمی ہند بودہ است۔ ادبیات این زبان پراز آثار نثر وشعر است۔ شاعران بزرگ جہان چون فردوسی۔ سعیدی۔ حافظ۔ امیر خسرو وغیرہ درین زبان شعر سرودن ماند۔ این زبان نشانی فرہنگ مشترک اندوایران است۔ اکنوں در کشورہای ایران، افغانستان وتاجکستان زبان فارسی رواج دارد۔

# MODEL Questions with answers

## For Matriculation Examinations- 2017

## Subject : Persian

Time: 3 hours 15 Minutes | Persian (SIL) Set-IV | Fullmarks: 100

### سوالات

۱۔ درج ذیل معروضی سوالوں کے صحیح جواب کو چن کر لکھئے۔ 10x1=10

(i) ''دھقان فداکار'' کس کتاب سے ماخوذ ہے؟

(الف) آزفا سوم (ب) کتاب فارسی (ج) آزمااول (د) آزمادوم

(ii) آرزو کی وفات کس شہر میں ہوئی؟

(الف) آگرہ (ب) دہلی (ج) لکھنؤ (د) بنارس

(iii) امیر خسرو کس کے مرید تھے؟

(الف) نظام الدین اولیاء (ب) بختیار کاکیؒ (ج) سلیم چشتیؒ (د) شرف الدین منیریؒ

(iv) شاہنامہ کتنے سال میں لکھی گئی؟

(الف) دس (ب) بیس (ج) تیس (د) چالیس

(v) ''گلستاں'' کے مصنف کا نام کیا ہے؟

(الف) سعدی شیرازی (ب) حافظ شیرازی (ج) امیر خسرو (د) مولانا روم

(vi) مثنوی ''شبان وموسیٰ'' کس کی شاعری ہے؟

(الف) شہریار (ب) علامہ اقبال (ج) بہار مشہدی (د) امیر خسرو

(vii) علامہ اقبال کہاں پیدا ہوئے؟

(الف) سیالکوٹ (ب) لاہور (ج) بنارس (د) آگرہ

(ix) سرمد کو کس بادشاہ کے وقت میں شہید کیا گیا؟

(الف)اورنگ زیب (ب)جہانگیر (ج)شاہجہاں (د)اکبر

(x) فردوسی کس ملک کے شاعر تھے؟

(الف)ہندوستان (ب)ایران (ج)افغانستان (د)نیپال

سوال-۲ چرواہے کو جھوٹ بولنے کی کیا سزا ملی؟ 2

سوال-۳ طرار نے کیوں بے ایمانی نہیں کی۔ 2

سوال-۴ مجمع انفائس میں کتنے شاعروں کا تذکرہ آیا ہے۔ 2

سوال-۵ افسانہ ''دھقان فداکار'' سے کیا نصیحت ملتی ہے۔ 2

سوال-۶ نصر کی جائے ولادت اور جائے وفات کہاں ہے۔ 2

سوال-۷ خانہ ''الف'' اور خانہ ''ب'' کو ملا کر لکھیں۔ 5

| (الف) | (ب) |
|---|---|
| (i) پٹیالی | (a) نصر پھلواری |
| (ii) طوس | (b) فردوسی |
| (iii) بلخ | (c) سعدی |
| (iv) پھلواری شریف | (d) امیر خسرو |
| (v) شیراز | (e) مولانا روم |

سوال-۸ حکایت ''چاپان دروغ گو'' کا خلاصہ لکھیے۔ 5

سوال-۹ مصدر "نوشتن" سے فعل ماضی قریب کی گردان لکھیے۔ 5

سوال-۱۰ اپنی نصابی کتاب سے ایک رباعی کو لکھیے۔ 5

سوال-۱۱ امیر خسرو کے بارے میں پانچ جملے لکھیے۔ 5

سوال-۱۲ مندرجہ ذیل عبارت کی خالی جگہوں کو قوسین میں دیے گئے الفاظ سے پر کیجئے۔ 5

فردوسی ............بود و بہ تاریخ ایران ............علاقہ داشت ............

این بود کہ داستانہای ............و ............قدیم ایران بہ ............درآورد۔

(شعر، میہن پرست، قدیم، شاہان، پہلوانان)

سوال-۱۳ مندرجہ ذیل اشعار کا ترجمہ کیجئے۔ 10

بسی رنج بردم درین سال سی
عجم زندہ کردم بدین پارسی
نمیرم ازین پس کہ من زندہ ام
کہ تخم سخن را پراگندہ ام

سوال-۱۴ شہریار کے حالات زندگی کو مختصراً لکھیے۔ 10

سوال-۱۵ مندرجہ ذیل عبارت کا ترجمہ کیجئے۔ 10

دھی کہ غلام علی دران زندگی می کرد نزدیک راہ آھن بود۔

غلام علی ہر شب از کنار راہ آھن می گذشت تا بہ خانہ اش برسد۔

ناگاہ صدای غرش ترسناکی از کوہ برخاست۔

سنگ ہای بسیاری از کوہ فرو ریخت و راہ آہن را مسدود کرد۔

سوال-۱۶ مندرجہ ذیل جملوں کو فارسی میں ترجمہ کیجئے۔ 10

(i) ناہید کل سے اسکول جائیگی۔

(ii) ساجد نے اپنے والد کو خط لکھا۔

(iii) گنگا ندی سب سے بڑی ندی ہے۔

(iv) سعدی شیراز میں پیدا ہوئے۔

(v) ہندوستان ایک بڑا ملک ہے۔

سوال-۱۷ درج ذیل عنوانات میں سے کسی ایک پر فارسی میں پیراگراف لکھئے۔ 10

(i) دوستی

(ii) کشور ہند

(iii) فصل زمستان

(iv) روزہ

☆☆☆

# جوابات۔سیٹ-۴

(i) (الف) آزفاسوم

(ii) (ب) دہلی

(iii) (الف) نظام الدین اولیاء

(iv) (ج) تمیں

(v) (الف) سعدی شیرازی

(vi) (ب) مولانا روم

(vii) (ج) بہار مشہدی

(viii) (الف) سیالکوٹ

(ix) (الف) اورنگ زیب

(x) (ب) ایران

جواب-۲ چرواہے کو جھوٹ بولنے کی سزا یہ ملی کہ واقعی ایک دن بھیڑیا آ گیا اور اس کے تمام بکریوں کو کھا گیا۔

جواب-۳ طرار نے بے ایمانی اس لیے نہیں کی کہ وہ کسی کی امانت میں خیانت کرنے کو برا سمجھتا تھا۔

جواب-۴ مجمع النفائس میں سے ۳۵۷ اشعراء کے احوال و آثار کا ذکر ہے۔

جواب-۵ افسانہ دھقان فداکار سے یہ نصیحت ملتی ہے کہ انسان زندگی میں جو بھی کام کرے اللہ کی خوشنودی اور رضا کے لیے کرے۔

جواب-۶ نصر کی جائے ولادت اور جائے وفات دونوں پھلواری شریف پٹنہ میں ہے۔

جواب-۷

| (الف) | | (ب) | |
|---|---|---|---|
| (i) | پٹیالی | (d) | امیر خسرو |
| (ii) | طوس | (b) | فردوسی |
| (iii) | بلخ | (e) | مولانا روم |
| (iv) | پھلواری شریف | (a) | نصر پھلواری |
| (v) | شیراز | (c) | سعدی |

جواب-۸ حکایت ''چوپان دروغگو'' میں ایک جھوٹے چرواہے کی کہانی ہے۔ چرواہا ایک دن اچانک چلانے لگا کہ بھیڑیا آیا! بھیڑیا آیا۔ آس پاس کے لوگ اسے اور اس کی بکریوں کو بچانے کے لیے دوڑے۔ جب لوگ وہاں پہنچے تو دیکھا کہ چرواہا ہنس رہا ہے۔ چرواہا جھوٹ بول رہا ہے۔ ایک دن واقعی اچانک بھیڑیا آ گیا۔ چرواہا بہت چلایا۔ لوگوں نے سمجھا چرواہا پھر جھوٹ بول رہا ہے۔ اس لیے کوئی مدد کے لیے نہیں گیا اور بھیڑ نے اس کی بکریوں کو کھا گیا۔

جواب-۹

| صیغہ واحد غائب | صیغہ جمع غائب | صیغہ واحد حاضر |
|---|---|---|
| نوشتہ است | نوشتہ اند | نوشتہ ای |
| صیغہ جمع حاضر | صیغہ واحد متکلم | صیغہ جمع متکلم |
| نوشتہ اید | نوشتہ ام | نوشتہ ایم |

جواب-۱۰

بیگانہ اگر وفا کند خویش من است
ور خویش جفا کند بد اندیش من است
گر زہر موافقت کند تریاق است
ور نوش مخالفت کند نیش من است

جواب-۱۱ امیر خسرو ۶۵۱ ہجری میں پٹیالی میں پیدا ہوئے۔ ان کے والد امیر سیف الدین اپنے زمانے کے نامور علماء میں سے تھے۔ امیر خسرو ابتدائی تعلیم حاصل کرنے کے بعد مختلف علوم وفنون کو سیکھا۔ شروع جوانی سے ہی شعر کہنا شروع کر دیا۔

امیر خسرو حضرت نظام الدین اولیاء کے خاص مریدوں میں تھے۔
ان کا انتقال ۷۲۵ھ میں دہلی میں ہو گیا۔

جواب-۱۲ فردوسی مردی میہن پرست بود و بہ تاریخ ایران قدیم علاقہ داشت۔
این بود کے داستانہای شاہان و پہلوانان قدیم ایران بہ شعر در آورد۔

جواب-۱۳ اس تیس سالوں میں میں نے بہت تکلیف اٹھائی ہے۔
عجم کو اس فارسی سے میں نے زندہ کر دیا۔
میں نہیں مروں گا کیونکہ اس کے بعد میں زندہ ہوں
کیونکہ میں نے شاعری کا بیج کو بو دیا ہے۔

جواب-۱۴

شہریار بیسویں صدی کے ایران کے مشہور شاعروں میں ہیں۔ان کا نام محمد حسین اور تخلص شہریار ہے ان کے والد میر آقا خشکنابی آذربائیجان کے مشہور وکیل تھے۔شہریار ۱۹۰۵ء میں تبریز علاقہ خشکناب میں پیدا ہوئے۔ ابتدائی تعلیم تبریز میں حاصل کرنے کے بعد اعلیٰ تعلیم کے لیے تہران تشریف لے گئے۔تہران کے مدرسہ دارالفنون میں میڈیکل کی پڑھائی شروع کی لیکن تعلیم مکمل نہیں کر پائے۔
شہریار طالب علمی کے زمانے سے شعر کہتے تھے۔وہ شروع میں بہجت تخلص کرتے تھے۔لیکن بعد میں تخلص شہریار اختیار کر لیا۔
شہریار فارسی کے علاوہ عربی اور فرانسیسی زبانوں پر قدرت رکھتے تھے۔غزل میں ان کو شہرت حاصل ہے۔

جواب-۱۵ جس دیہات میں غلام علی رہ رہے تھے وہ ریل کی پٹری کے کنارے تھا۔غلام علی ہر رات ریل کی پٹری کے کنارے سے اپنے گھر جاتا تھا۔اس رات اچانک ڈراؤنی دھماکہ کی آواز پہاڑی سے اٹھی۔بہت زیادہ پتھر پہاڑ سے گرا اور پٹری کے راستہ کو مسدود کر دیا۔

جواب-۱۶ (i) ناہید از فرداد بستان خواہد رفت۔
(ii) ساجد بہ پدر خودش نامہ نوشت
(iii) رود گنگ بزرگ ترین رود است
(iv) سعدی در شیراز چشم بہ جہاں گشود
(iv) ہند یک کشور بزرگ است۔

جواب-۱۷ (ii) کشور ہند:

کشور ہند یکی از بزرگترین کشور ہای جہان است۔ کشور ہند وطن ما است۔ پایتخت کشور ہند در شہر دہلی است۔ در کشور ہند آیا لتہامی بسیار وجود دارد۔ کشور ہای ہمسایۂ ہند نیپال، چین پاکستان و بنگلہ دیش اند۔ کشور ہند از قساط انگلیسہا در سال ۱۹۴۷ میلادی آزادگست۔ در تاریخ پانزدہ آگوست ۱۹۴۷ میلادی ہند آزادی کامل را بدست آورد۔ کوہ ہمالیہ در شمال ہند واقع است۔ رود گنگ یکی از بزرگترین ومقدس ترین رود ہائی ہند بہ شمار می رود۔ در کشور ہند مردمان مذاہب وزبانہا گوناگون زندگی می کنند۔ ہند بہترین مثال فرہنگ مشترک است۔

☆☆☆

# MODEL Questions with answers

## For Matriculation Examinations- 2017

## Subject : Persian

Time: 3 hours 15 Minutes | Persian (SIL) Set-V | Fullmarks: 100

### سوالات

سوال-۱ درج ذیل معروض سوالوں کے صحیح جواب کو چن کر لکھیے۔ 10x1=10

(i) سرمد کی شہرت کس صنف سخن میں ہے؟

(الف) رباعی (ب) قصیدہ (ج) مثنوی (د) غزل

(ii) رباعی میں کتنے مصرعے ہوتے ہیں؟

(الف) دو (ب) چار (ج) چھ (د) آٹھ

(iii) خیام کی وفات کس شہر میں ہوئی تھی؟

(الف) نیشاپور (ب) طوس (ج) مشہد (د) قم

(iv) مولانا کے پیرو مرشد کا نام کیا تھا؟

(الف) کمال الدین (ب) شمس تبریزی (ج) شہریار تبریزی (د) علاء الدین

(v) مثنوی شبان و موسی کس شاعر کی تخلیق ہے؟

(الف) سعید (ب) حافظ (ج) مولانا روم (د) عمر خیام

(vi) آرزو کے والد کا نام کیا ہے؟

(الف) شیخ حسام الدین (ب) شیخ جمال الدین (ج) شیخ کمال الدین (د) شیخ علاء الدین

(vii) پٹیالی نزد آگرہ میں کون پیدا ہوا؟

(الف) سعید (ب) امیر خسرو (ج) حسن دہلوی (د) مثنوی معنوی

(viii) فردوسی نے کون سی مثنوی لکھی تھی؟

(الف) بوستان (ب) منطق الطیر (ج) شاہنامہ (د) مثنوی معنوی

(ix) یوروپی خواتین میں کب بیداری آئی؟

(الف) انیسویں صدی (ب) بیسویں صدی (ج) اٹھارہویں صدی (د) سترہویں صدی

(x) گلستان کے مصنف کون ہیں؟

(الف)رودکی (ب)سعدی (ج)حافظ (د)امیر خسرو

سوال-۲ نیک آدمی نے اس موقع سے کیا فائدہ اٹھایا۔ 2

سوال-۳ جس دن بھیڑیا آ گیا لوگ مدد کے لیے کیوں نہیں پہنچے۔ 2

سوال-۴ پانچ مشہور ہندستانی خواتین کا نام لکھیے۔ 2

سوال-۵ غزل کے پہلے شعر کو کیا کہتے ہیں؟ 2

سوال-۶ بہار مشہدی کو ملک الشعراء کیوں کہتے ہیں؟ 2

سوال-۷ خانۂ 'الف' اور خانۂ 'ب' کو ملا کر لکھیں؟ 2

| (الف) | | (ب) |
|---|---|---|
| (i)بہار مشہدی | (a) | شبان وموسی |
| (ii)شہریار | (b) | رسائل اعجاز |
| (iii)مولانا روم | (c) | آشیان عنقا |
| (iv)سعدی | (d) | حسن نیت |
| (v)امیر خسرو | (e) | گلستان |

سوال-۸ شیخ سعدی پر پانچ جملے لکھئے۔ 5

سوال-۹ مصدر ''خوردن'' سے فعل ماضی مطلق کی گردان لکھئے۔ 5

سوال-۱۰ اپنی نصابی کتاب سے کوئی دو شعر لکھئے۔ 5

سوال-۱۱ نظم اگر خواہی حیات اندر خطر زی کا خلاصہ لکھئے۔ 5

سوال-۱۲ مندرجہ ذیل عبارت کی خالی جگہوں کو قوسین میں دیے گئے الفاظ سے پر کیجئے۔ 5

جشن نوروز از زمانہای بسیار............در ایران............شدہ است و دربارۂ آن............

گفتہ اند......این جشن را............می نامند زیرا سال با آن............می شود

(آغاز، قدیم، داستانہا، آغاز، نوروز)

سوال-۱۳ مندرجہ ذیل عبارت کا ترجمہ کیجئے۔ 10

گویند کہ جمشید در این روز بر گاوی نشست و بہ جنگ دیوان رفت و آنہا را شکست داد و روز ششم فروردین با پیروزی تمام باز گشت و زیرِ بسیار غنیمت آورد۔ بہ فرمان جمشید از آن زر و گوہر تختی ساختند۔

سوال-۱۴ مندرجہ ذیل رباعی کا ترجمہ کیجئے۔ 10

بگشای دری کہ در کشایندہ توئی
بنمای رہی کہ رہ نمایندہ توئی
من دست بہ ہیچ دستگیری ندہم
کاینان ہمہ فانی اند و پایندہ توئی

سوال-۱۵ بہار مشہدی کے حالات زندگی کو لکھئے۔ 10

سوال-۱۶ مندرجہ ذیل جملوں کو فارسی میں ترجمہ کیجئے۔ 10

(i) فیروز آج بازار جائے گا۔ (ii) احمد کی لڑکی پڑھ رہی ہے۔

(iii) تم سب کہاں جا رہے ہو؟ (iv) وہ کل میرے گھر آیا تھا؟

(v) ایران کی زبان فارسی ہے؟

سوال-۱۷ مندرجہ عنوانات میں سے کسی ایک پر فارسی میں پیراگراف لکھئے۔ 10

(i) شہر دہلی (ii) کتابخانہ (iii) حج (iv) فردوسی

## جوابات۔سیٹ-۵

جواب-۱

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| (i) | (الف) | رباعی | (ii) | (ب) | چار |
| (iii) | (الف) | نیشاپور | (iv) | (ب) | شمس تبریزی |
| (v) | (ج) | مولانا روم | (vi) | (الف) | شیخ حسام الدین |
| (vii) | (ب) | امیر خسرو | (viii) | (ج) | شاہنامہ |
| (ix) | (الف) | انیسویں صدی | (x) | (ب) | سعدی |

جواب-۲ نیک آدمی نے اس موقع کا فائدہ اٹھایا کہ اس نے اپنا بدلہ اس ظالم آدمی سے لے لیا۔

جواب-۳ جس دن بھیڑیا آیا اس دن لوگ مدد کے لیے اس لیے نہیں پہونچے کہ لوگوں نے گمان کیا کہ چرواہا جھوٹ بول رہا ہے۔

جواب-۴ ملکہ نور جہاں، رضیہ سلطانہ، سروجنی نائیڈو، اندرا گاندھی، پرتیبھا دیوی سنگھ پاٹل۔

جواب-۵ غزل کے پہلے شعر کو مطلع کہتے ہیں۔

جواب-۶ بہار مشہدی کو ملک الشعراء اس لیے کہتے ہیں کیونکہ سلطان ناصر الدین شاہ نے ان کو ملک الشعراء کے خطاب سے نوازا تھا۔

جواب-۷

| | (الف) | | (ب) |
|---|---|---|---|
| (i) | بہار مشہدی | (d) | حسن نیت |
| (ii) | شہریار | (c) | آشیان عنقا |
| (iii) | مولانا روم | (a) | شبان و موسیٰ |
| (iv) | سعدی | (e) | گلستان |
| (v) | امیر خسرو | (b) | رسائل الاعجاز |

جواب-۸ شیخ سعدی کا نام مشرف الدین تھا۔ وہ ایران کے شہر شیراز میں پیدا ہوئے۔ انہوں نے شیراز میں اپنی ابتدائی تعلیم حاصل کی۔ پھر اس کے بعد بغداد مدرسہ نظامیہ میں اپنی تعلیم مکمل کی۔ شعر و شاعری کا ذوق شروع سے تھا۔ ان کی مشہور کتاب گلستان اور بوستان فارسی ادب کی شاہکار ہیں۔

جواب-۹

| | | |
|---|---|---|
| صیغہ واحد غائب | صیغہ جمع غائب | صیغہ واحد حاضر |
| خورد | خوردند | خوردی |
| صیغہ جمع حاضر | صیغہ واحد متکلم | صیغہ جمع متکلم |
| خوردید | خوردم | خوردیم |

جواب-۱۰
آن یکی را گنج و نعمت می دہد
دیگری را رنج و زحمت می دہد
آن یکی را زرد وصد ہمیان دہد
دیگری در حسرتِ جان جان دہد

جواب-۱۱ نظم اگر خواہی حیات اندر خطر زی‘‘ علامہ اقبال کی ہے۔ علامہ اقبال نے اس نظم میں دو ہرن کے باہمی مکالمہ کے ذریعہ یہ بتایا ہے کہ ہرن کو ہر وقت جنگل میں یہ احساس رہتا ہے کہ شکاری سینکڑوں جال ڈالے ہوئے ہیں۔ صیاد ہر وقت گھات لگائے بیٹھا ہے۔ اس لیے ایک ہرن دوسرے ہرن سے کہتی ہے کہ ہمیں یہاں ہمیشہ چوکنا رہنا ہے۔ اور ہوشیار رہ کر مصیبتوں کا مقابلہ کرنا ہے۔ اس نظم سے یہ سبق ملتا ہے کہ انسان کو اپنی زندگی میں ہمیشہ خطروں سے مقابلہ کرنے کے لیے تیار رہنا چاہیے۔

جواب-۱۲ جشن نوروز از زمانہای بسیار قدیم در ایران آغاز شدہ است و دربارۂ آن داستانہا گفتہ اند۔ این جشن را نوروز می نامند زیرا سال با آن آغاز می شود۔

جواب-۱۳ لوگ کہتے ہیں کہ جمشید اس دن گائے پر بیٹھ کر دیوؤں کے ساتھ لڑائی کے لیے گیا اور ان کو شکست دی اور فروردین مہینہ کے چھٹے دن مکمل فتح کے ساتھ واپس لوٹا اور بہت سارے سونے و زیورات ساتھ لایا۔ لوگوں نے جمشید کے حکم سے اس زر و گوہر سے ایک تخت بنایا۔

جواب-۱۴ دروازہ کو کھول کیونکہ اس کو کھولنے والا تو ہی ہے۔
راستہ دکھلا کیونکہ راستہ دکھلانے والا تو ہی ہے۔
میں کسی دوسرے کے سامنے ہاتھ نہیں پھیلاتا۔
کیونکہ سب فانی ہے اور صرف ہمیشہ رہنے والا تو ہی ہے۔

جواب-۱۵ محمد تقی بہار جدید دور کے مشہور شاعر، نثر نگار اور محقق ہیں، ان کی پیدائش ۱۳۰۴ ہجری میں مشہد میں ہوئی۔ ان کے والد محمد کاظم صبوری اپنے وقت کے مشہور شاعر تھے اور انہیں ملک الشعراء کا خطاب ملا ہوا تھا۔ محمد تقی بہار نے ابتدائی تعلیم گھر پر حاصل کی۔ بہار نے آٹھ سال کی عمر سے ہی شاعری شروع کر دیا۔ ان کے والد کا انتقال ۱۳۲۲ ہجری میں ہو گیا۔ ناصر الدین شاہ قاچار نے بہار کے والد کے انتقال کے بعد ملک الشعراء کا خطاب بہار کو عطا کیا۔ بہار سیاست سے جڑے تھے اور کئی بار ایرانی پارلیمنٹ میں منتخب ہو کر آئے۔ بہار نے تمام اصناف سخن میں طبع آزمائی ہے۔ ان کے اشعار کی تعداد چالیس ہزار سے زیادہ ہے۔ نثر میں ان کی کتاب سبک شناسی بہت مشہور ہوئی۔ آخر کار یہ عظیم شاعر ۱۹۵۱ء میں انتقال کر گئے۔

جواب-۱۶

(i) فیروز امروز بہ بازار خواہد رفت۔

(ii) دختر احمد می خواند

(iii) شما کجا می روید؟

(iv) او دہروز بہ خانہ من آمدہ بود۔

(v) زبان ایران فارسی است۔

جواب-۱۷ (iv) فردوسی:

فردوسی یکی از بزرگ ترین شاعران ایران است۔ او در شہر طوس چشم بہ جہان گشود۔ پدرش کشاورز دہی بود۔ فردوسی پیشۂ پدر خود را اختیار نمود۔ او تحصیلات خود را در طوس فرا گرفت۔ او آغاز زندگانی بہ تاریخ قدیم ایران علاقہ می داشت۔ بنابراین او شاہنامہ نوشت آغاز کرد۔ او در سی سال شاہنامہ را نوشت۔ او شاہنامۂ خود را بہ شاہ محمود غزنوی تقدیم نمود۔ مقبرۂ فردوسی در شہر طوس واقع است۔

☆☆☆